ٹاؤن میونسپل کارپوریشن، شاہ فیصل

شعبہ نشرواشاعت، شاہ فیصل

PRESS RELEASE

مورخہ: 24 اپریل 2025ء

ٹی ایم سی، شاہ فیصل میں یوسی نمبر-07، رحمانیہ پارک کا تزئین و آرائش کام کا دورہ اور یوسی-05 گلزار کالونی موڑ سے حسینی چوک تک ڈالی گئی سیوریج لائن کا افتتاح

ترقیاتی کاموں کا سفر جاری ہے اور انشاءاللہ بہت جلد اپنی منزل پر پہنچے گا، چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک

کراچی ( ) چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک کی جانب سے شاہ فیصل یونین کمیٹی نمبر-07، بلال کالونی رحمانیہ پارک کا تزئین و آرائش کے جاری کاموں کا میڈیا کے ہمراہ دورہ کرتے ہو بتایا کہ یہ ایک پسماندہ علاقہ ہے یہاں کچرے کے ڈھیر اور گلیاں اور روڈ سیوریج کے پانی سے بھری رہتی تھیں اس پارک کے برابر میں رحمانیہ مسجد اور مدرسہ ہے جس میں بچے اور بچیاں دینی تعلیم حاصل کرتے ہیں اس مدرسے میں طالب علم رہائش پزیر بھی ہیں کچرے اور سیوریج کی پانی کی وجہ سے نمازی اور طالب علم پریشانی کا شکار رہتے تھے سب سے پہلے ہم نے کچرا صاف کروا کر سیوریج لائنیں ڈلوائیں جبکہ یہ کام واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کا کام تھا جو کہ شاہ فیصل ٹاؤن نے عوام کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے کیا اب ہم مسجد اور مدرسے کے برابر میں رحمانیہ پارک بنا رہے ہیں جسکی تزئین و آرائش کا کام جاری ہے جسکا جلد افتتاح کر دیا جائے گا اسکے بعد چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک نے یونین کمیٹی-05 گلزار کالونی موڑ سے حسینی چوک تک سیوریج لائن کی افتتاح کے موقع پر میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ شاہ فیصل ٹاؤن کے پارک ڈیپارٹمنٹ اور بی اینڈ آر ڈیپارٹمنٹ کے کام کی تعریف کرتے ہوئے وہاں پر موجود ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم اس وقت یوسی-05، گلزار کالونی روڈ حسینی چوک مین بازار میں موجود ہیں اس علاقے میں پچھلے 30 سالوں سے ترتیاتی کام نہیں ہوا تھا یہاں روڈ کے دونوں اطراف تقریباً 300 دوکانیں موجود ہے اور تقریباً 1000 مکان اس طرف اور 1000 مکان دوسری طرف موجود ہیں اس بازار میں ہر وقت سیوریج کا پانی جمع رہتا تھا اس روڈ پر 10 سے زائد مساجد، مدارس، امام بارگاہ موجود ہے سیوریج کی پانی کی وجہ سے کسی بھی مزہبی تہوار خاص کر محرم، ربیع الاول یا رمضان المبارک کے موقع پر سیوریج کا پانی روڈوں پر جمع رہتا تھا جسکی وجہ سے نمازیوں اور جلوس کے شرکاء کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا تھا اور اسکے علاوہ بازاروں میں آنے جانے والے لوگوں کو بھی پریشانی ہوتی تھی یہ کام واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کا ہے کئی بار انکو خطوط لکھ چکا ہوں مگر کوئی مثبت جواب نہیں ملا، شاہ فیصل کے علاقے گلزار کالونی کی رہائش پزید عوام کی پریشانی کو مدنظر رکھتے ہوئے شاہ فیصل ٹاؤن انتظامیہ نے 3000 رنگ فٹ سیوریج لائن ڈالی ہے شاہ فیصل ٹاؤن میں ترقیاتی کام کا سفر جاری ہے اور انشاءاللہ بہت جلد اپنی منزل پر پہنچے گا تاکہ شاہ فیصل کی عوام کو تمام ممکنہ بلدیاتی سہولیات کی فراہمی جاری ہے، اس موقع پر انکے ہمراہ میونسپل کمشنر شاہ فیصل ٹاؤن امجد علی پٹھان، وائس چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن طارق محمود بنگش، یوسیز چیئرمین ر وائس چیئرمین، کونسل اراکین، ٹاؤن افسران و ملازمین اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔

شعبہ نشرواشاعت / تعلقات عامہ

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن، شاہ فیصل۔